11/04/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمد اعظم سے خبریں سُنیے۔

صد رجمہوریہ

یونیورسٹی نے صدر جمہوریہ درو پدی Constantine the philosopherسلواکیہ میںNitra مرمو کوسماجی انصاف اور تعلیم کے شعبے میں ان کی گراں قدر خدمات کیلئے انہیں ڈاکٹریٹ کی ڈگری سے سرفراز کیا ۔ اس موقعے پر صدر جمہوریہ نے اپنے خطا ب میں تعلیم کی اہمیت کو اجا گر کرتے ہوئے کہا کہ دنیا میں کوئی بھی مثبت بدلاؤ تعلیم کے ذریعے ہی ممکن ہو پاتاہے ۔انہوں نے کہا کہ بھارت نے ہمیشہ اپنی پالیسوں میں تعلیم کے شعبے کو ترجیح دی ہے۔

NIA

NIA کی ایک تحقیقاتی ٹیم نے کل11/26ممبئی دہشت گردانہ حملے کے ملزم تہور حسین رانا کو نئی دلی کے ائر پورٹ سے گرفتار کیا ہے۔ رانا کی بھارت کو حوالگی کے معاہدے کے تحت یہ کارروائی سال 2008کے دہشت گرد حملے کے پیچھے کلیدی سازش کرنے والے ملزم کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کی دیر پا کوششوں کے نتیجے میں ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندکمار چودھری نے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا کے اہم منصوبوں سے جڑے کان کنی کے مسائل کا جائزہ لیا اور جموں کشمیر میں قومی شاہراہ کے منصبونکی پیش رفت کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ نائب وزیر اعلیٰ نے بالخصوص دلی امرتسر کٹڑہ ایکسپریس وے ، سرینگر رینگ روڈ ، چننئی پتنی ٹاپ ناشری اور جموں راجوری کے منصوبوں کا وسیع پیمانے پر جائزہ لیا۔ انہوننے زور دیکر کہاکہ خطے میں ماحولیات کی قیمت پر غیر قانون کان کنی کی اجازت نہیں دی جا سکتی ہے۔

کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سودان نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع بھر میں پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت حاصل کی گئی پیشرفت کا جائزہ لیا۔

، بینکوں اور دیگر متعلقین کے مشترکہ کیمپس کے انعقاد پر زور دیاتاکہ KPDCL انہوں نے مستفیدین کو اسکیم سے جڑی اہم جانکاری حاصل ہو ۔

ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ یوجنا کے تحت داخل کی گئی تمام درخواستوں کی کارروائی کو مکمل کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ مستفیدین اسکیم کے نفع سے ہمکنار ہو سکیں ۔

بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ مینگا شیر پا نے ایک میٹنگ کے دوران نبارڈ کی معاونت کے تحت عملائے جا رہے رورل انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ فنڈ کے منصوبوں کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران نبارڈ کے ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ منیجر نے جاری منصبوں کی پیشرفت کا خاکہ پیش کیا۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو تمام پروجیکٹس کی مقررہ مدت کے اندر تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔

بڈگام

بڈگام میں محکمہ اینمل ہسبنڈری کی جانب سے سسٹینبل سلوشن ان اینمل ہسبنڈری کے عنوان سے ایک روزہ سمینار منعقد ہوا ۔ اس موقعے پر پولٹری کے شعبے اور علمی اداروں کے ماہرین نے مویشیوں کی بہتر نشو نما کے تعلق سے سائنس پر مبنی طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

سٹارٹ اپس

جموں کشمیر کے مختلف سٹارٹ اپس کو رہنمائی فراہم کرنے کی خاطر جموں کشمیر انٹر پرنیور شپ ڈیولپمنٹ انسٹی چیوٹ نے ٹاٹا انسٹی چیوٹ آف سوشل سائنس کے اشتراک سے ایک مینٹر شپ پروگرام منعقد کیا ۔اس موقعے پر انسٹی چیوٹ کے کئی ماہرین جموں کشمیر کے سٹارٹ اپس کو موجودہ دور کے مختلف چیلنجز سے نمٹنے کے اثر دار طریقوں سے روشناس کرایا تاکہ وہ اپنی کاروباری سرگرمیوں کو بنا کسی دقت کے آگے بڑھا سکیں ۔ پروگرام کی ایک خاص نشست کے دوران شرکاءکواپنے مسائل کو ماہرین کے ساتھ شیئر کرنے کا موقعہ فراہم کیا گیاتاکہ ان کا ازالہ ممکن ہو سکے۔

عرس

زیارت شریف حضرت سخی زین الدین ولیؒ کے سالانہ عرس کی تیاریوں کے تعلق سے انتظامات کا جائزہ لینے کے خاطر ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد نے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ موصوف نے افسران کوعلاقے میں صفائی ستھرائی کے بہتر انتظامات ، پانی اور بجلی کی بلا خلل سپلائی اور موثر ٹریفک پلان مرتب دینے کی ہدایت دی تاکہ عرس کی تقریبات کے دوران عقیدتمندوں کو کسی بھی دقتوں کاسامنا نہ کرنا پڑے ۔

پلوامہ

ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے ضلع سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے بینکوں اور کئی متعلقہ محکموں کی مالیاتی اور ترقیاتی تقاضوں کے مطابق کار کردگی کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر ضلع کے لیڈ ڈسٹرکٹ منیجر نے بینکوں کی کار کردگی کے تعلق سے تفصیلی جانکاری دی ۔

میٹنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ مالی سال2024-25 کے دوران کوتاہیوں کی نشاندہی کریں اورانہیں موجودہ مالی سال میں دور کرنے کیلئے موثر حکمت عملی مرتب دیں۔

منشیات

میں منشیات B ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی ہدایت پر بالہامہ کی پنچایت مخالف بیداری پروگرام منعقد ہوا ۔اس موقعے پر ماہرین نے منشیات سے احتیاط اور اس میں مبتلا نوجوانوں کی باز آباد کاری کے عمل پر روشنی ڈالی ۔

اُدھر ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے ضلع کے تمام بلاکوں کے کئی تعلیمی اداروں میں منشیات مخالف بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا ۔

بانڈی پورہ نے شرکاءکو منشیات کی لعنت سے ADC اِدھر ہائر اسکینڈری اسکول نائید کھئے میں نوجوانوں اور سماج پر پڑ رہے مضر اثرات سے خبردار کیا ۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا اب ہمارے یہاں سے خبرونکا اگلا بلیٹن

سہ پہر چار بج کر بیس منٹ پر پہاڑی زبان میں نشر ہو گا

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

..............................................

..............................

................

.....